**27.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شمیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی مغربی ایشیا کے بحران کے تناظر میں ایندھن کی سپلائی اور قیمتوں میں اضافے پر تبادلہ خیال کیلئے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ ایک ورچوئل میٹنگ کررہے ہیں۔

☆ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے کی غرض سے ملکی **Levies** میں کمی کردی ہے۔ ڈیزل اور شہری ہوا بازی کے ٹربائن ایندھن پر برآمداتی ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔

☆ مغربی ایشیا میں خلیجی ملکوں کیلئے بڑھتے ہوئے خطروں کے دوران سکیورٹی سے متعلق تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔ تشویش کو کم کرنے کیلئے سفارتی کوششیں جاری ہیں۔

☆ دفاعی سازوسامان کی تحویل سے متعلق کونسل نے دو لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کے سمجھوتوں کو منظوری دی ہے تاکہ دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاسکے۔

☆ پارلیمنٹ نے مالیاتی بل اور تخصیص سے متعلق بل نمبر دو کو منظوری دے دی ہے۔ دونوں ایوانوں کی کارروائی پیر تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ اور بھارتی تیر اندازوں نے بینکاک میں ایشیا کپ ورلڈ رینکنگ ٹورنامنٹ میں سونے کے دو تمغوں سمیت **10** تمغے جیتے ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev PM Meeting**

وزیر اعظم نریندر مودی ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ ورچوئل طریقے سے ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔ میٹنگ میں اِن دنوں جاری مغربی ایشیا کے تنازع کے تناظر میں ریاستوں کی تیاری اور منصوبوں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ تبادلۂ خیال میں عالمی تناؤ کے درمیان ایندھن کی سپلائی، بڑھتی ہوئی قیمتوں اور لاجسٹکس پر توجہ کی جارہی ہے۔جن ریاستوں میں انتخابات ہونے ہیں، اُن کے وزرائے اعلیٰ ضابطۂ اخلاق عائد ہونے کے سبب میٹنگ میں حصہ نہیں لے رہے ہیں۔ کابینہ سکریٹریٹ انتخابات والی ریاستوں تمل ناڈو، مغربی بنگال، آسام، کیرالہ اور مرکز کے زیرانتظام علاقے پڈوچیری کے چیف سکریٹریوں کے ساتھ ایک علاحدہ میٹنگ

کریں گے۔یہ پہلی مرتبہ ہے کہ وزیر اعظم 28فروری کو شروع ہوئے مغربی ایشیا کے تنازع کے معاملے پر وزرائے اعلیٰ کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں۔x

## West Asia Daily Brief

حکومت نے ڈیزل اور شہری ہوا بازی کے ٹربائن ایندھن ATF پر برآمداتی ڈیوٹی عائد کردی ہے اور پیٹرول اور ڈیزل پر ملک میں لگنے والے Levies میں کمی کی ہے۔ مغربی ایشیا کے بحران کے سبب عالمی سطح پر تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے صارفین کو محفوظ رکھنے اور تیل کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات کے متعلق بین وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بالواسطہ ٹیکس اور کسٹم کے مرکزی بورڈ کے چیئرمین وویک چترویدی نے کہا کہ اِن تبدیلیوں کا مقصد، ڈیزل اور ATF کی ملک میں دستیابی کو ترجیح دینا ہے۔ ساتھ ہی عالمی غیر یقینی کی صورتحال اور سپلائی چین میں رخنہ اندازی کے دوران، ملک میں توانائی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔پیٹرول اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ فی الوقت بھارت میں خاطرخواہ خام تیل موجود ہے اور اگلے دو ماہ کیلئے سپلائی بھی محفوظ کرلی گئی ہیں، ساتھ ہی LPG اور PNG کی دستیابی بھی اطمینان بخش ہے۔

**S/B Sujata Sharma**

بندرگاہ، جہاز رانی اور آبی راستوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ پچھلے 24 گھنٹے میں 25 بھارتی باشندوں کو خلیجی خطے کے مختلف حصوں سے خیرباد کہنے کے بعد بحفاظت بھارت واپس لایا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے 24 گھنٹے میں بھارتی جھنڈے والے کسی جہاز کے متعلق خلیجی خطے میں متاثر ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ انھوں نے یقین دلایا کہ سب محفوظ ہیں۔وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ عالمی پارٹنر ملکوں کے ساتھ بھارت کی بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے بتایا کہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر فی الوقت G-7وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کیلئے فرانس کے دورے پر ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ G-7وزرائے خارجہ کی میٹنگ سے اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے توانائی سے متعلق چیلنجوں، کیمیاوی کھاد کی سپلائی اور غذائی اشیا کی یقینی فراہمی سے متعلق عالمی جنوب کی تشویش کا خصوصی طور پر ذکر کیا اور مغربی ایشیا کے تنازع کے سبب پیدا ہونے والی غیریقینی صورتحال سے بھی مطلع کیا۔x

## MEA Briefing

وزارتِ خارجہ نے آج کہا ہے کہ بھارت ملک کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اپنے جہازوں کے بحفاظت ٹرانزٹ کیلئے تمام متعلقہ ملکوں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارت میں ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ اب تک آبنائے ہرمز کو پار کرنے کے بعد LPG سے لدے چار جہاز بھارت پہنچ چکے ہیں۔ توانائی کی اپنی ضرورت کی خریداری کے بارے میں جناب جیسوال نے توانائی کی ضرورت کے وسائل تک بھارت کے وسیع تر انداز نظر کو اجاگر کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ 140 کروڑ عوام کی

ضروریات کی یقینی فراہمی کیلئے بھارت کی ناگزیریت، مارکیٹ کی جہات اور عالمی صورتحال پر مبنی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ یہ تین معاملات توانائی کے وسائل کے متعلق فیصلہ سازی کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔x

## West ASia Gulf Tensions

مغربی ایشیا میں سلامتی منظر نامے میں تیزی سے تبدیلی آئی ہے کیونکہ ایران پر مرکوز تنازع میں اضافے سے متحدہ عرب امارات، کویت اور سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک پر خطرات بڑھتے جا رہے ہیں۔ متحدہ عرب امارات میں آج دن میں فضائی دفاعی نظام نے ایران کی جانب سے داغی گئیں چھ بیلسٹک میزائلوں اور 9 ڈرونز کو ناکام کیا۔ وزارت دفاع نے تصدیق کی ہے کہ اِس تازہ واقعے کا براہ راست کوئی اثر نہیں ہوا۔ کویت بھی سیدھے حملوں کی زَد میں آ گیا ہے جہاں حکام نے اہم بحری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی تصدیق کی ہے۔ تعمیراتِ عامہ کی وزارت نے خبر دی ہے کہ کویت سٹی میں Shuwaikh بندرگاہ اور Bubiyan جزیرے پر مبارک الکبیر بندرگاہ پر ڈرونز اور کروز میزائلوں سے حملے کیے گئے، جن سے بڑے پیمانے پر ساز و سامان کا نقصان ہوا۔ تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ سعودی عرب نے دفاعی نظاموں میں مشرقی صوبے پر چار ڈرونز کو ناکام کیا۔

سعودی عرب نے یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی کے دورے کے دوران فضائی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، جس سے اُس کا سلامتی منظر نامہ کافی مضبوط ہوا ہے۔ کشیدگی کم کرنے کی سفارتی کوششیں جاری ہیں اور بڑھتے علاقائی تناؤ کے دوران مذاکرات کے متعدد چیلنجز پر کام کیا جا رہا ہے۔ GCC کے سکریٹری جنرل جاشم Al-Budaiwi نے جاری مذاکرات میں خلیجی ملکوں کو شامل کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ موجودہ سفارتی کوششوں سے ایران کو آبنائے ہرمز میں اپنی پوزیشن حاصل کرنے کا موقع مل جائے گا جہاں میزائل اور ڈرونز حملوں کا خطرہ برقرار ہے۔ x

## Defence Ministry Contracts

وزارت دفاع نے آج طویل رینج کے بحری نگرانی طیارے، P8I کے Tunguska فضائی دفاعی میزائل نظام اور نگرانی کی خریداری سے متعلق 858 کروڑ روپے مالیت کے معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔ وزارت نے بتایا کہ بھارت کی برّی فوج کیلئے 445 کروڑ روپے مالیت کے Tunguska فضائی دفاعی میزائل نظام پر روس کے JSC Rosoboron export کے ساتھ معاہدہ کیا گیا۔ اس دوران دفاعی سکریٹری راجیش کمار سنگھ بھی موجود تھے۔ وزارت دفاع نے کہا کہ یہ جدید ترین میزائل، ڈرون طیارے اور کروز میزائل حملوں سمیت فضائی خطرات سے نمٹنے کی ملک کی کئی گھیروں والی فضائی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے۔ یہ معاہدہ، بھارت–روس اسٹریٹجک دفاعی ساجھیداری کو مزید مستحکم کرے گا۔ x

## Defence DAC

دفاعی سازوسامان کی تحویل سے متعلق کونسل DAC نے دو لاکھ 38ہزار کروڑ روپئے کی مالیت کی تجاویز کو

منظوری دی ہے تا کہ دفاعی صلاحیتوں کو بڑھایا جاسکے۔ نئی دلّی میں آج دفاعی تحویل کی کونسل کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے تینوں سروسز کی مختلف تجاویز کیلئے ضرورت کی قبولیت کو منظوری دی۔ DAC نے 2025-26 میں 6 لاکھ 73 ہزار کروڑ روپئے کی مالیت کی 55 تجاویز کو منظوری دی تھی۔ ضروری کی قبولیت کی یہ مقدار اور دستخط کئے گئے اہم بڑے معاہدے اب تک کسی بھی مالی برس میں کئے گئے معاہدوں میں سب سے زیادہ ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Vishnu**

بھارتی فوج کیلئے DAC نے ڈیفنس ٹریک سسٹم، Armoured Piercing Tank Ammunition، بہت صلاحیت والے ریڈیو رِلے، دھنُش گن سسٹم اور رَن وے انڈیپنڈینٹ Aerial Surveillance سسٹم کو منظوری دی ہے۔ ایئر ڈیفنس ٹریک سسٹم بر وقت فضائی دفاعی کنٹرول اور رپورٹنگ کی صلاحیت مہیا کرے گا، جبکہ بہت صلاحیت والا ریڈیو رِلے قابل اعتبار اور کبھی نہ ٹوٹنے والا مواصلاتی نظام فراہم کرے گا۔ دھنش گن سسٹم توپخانے کی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا تا کہ ہر قسم کے علاقوں میں طویل تر دوری تک نشانے لگائے جاسکیں جو بالکل صحیح ہوں۔

Vishnu PS کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Final RS Finance Bill 2026

راجیہ سبھا کی جانب سے مالیاتی بل 2026 اور تخصیص بل 2026 کو غور و خوض کے بعد واپس بھیجنے کے ساتھ ہی اِن بلوں کو پارلیمنٹ کی منظوری مل گئی ہے۔ اِس طرح بجٹ کا عمل مکمل ہوا۔ لوک سبھا، مالیاتی بل 2026 اور تخصیص بل 2026 کو پہلے ہی منظور کرچکی ہے۔

مالیاتی بل کے ذریعے مرکزی حکومت کی مالی سال 2026-27 کیلئے مالی تجاویز کو عمل میں لایا جاسکے گا۔ وزارت خزانہ کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے اِس بل کو ایوان میں پیش کیا۔ تخصیص بل 2026، کچھ مدوں کیلئے مالی سال 2026-27 کیلئے بھارت کے قومی خزانے سے ادائیگی اور تخصیص کی اجازت دیتا ہے۔ بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ مالیاتی بل، اصلاحات کو ذہن میں رکھ کر تیار کیا گیا۔ کام کاج کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ x

## LS Insolvency Coode

لوک سبھا میں قرض کی نادہندگی اور دیوالیہ پن ضوابط ترمیمی بل 2025 پر آج دوبارہ بحث شروع ہوئی۔ اِس بل کا مقصد قرض کی نادہندگی اور دیوالیہ پن ضابطوں 2016 میں ترمیم کرنا ہے۔ اِس ترمیمی بل کے ذریعے کمپنیوں اور افراد کے درمیان کام کاج میں تاخیر اور ضوابط کی تفہیم اور وضاحت سے متعلق معاملوں سے نمٹا جائے گا۔ بحث ابھی جاری ہے، جس کے بعد ایوان کی کارروائی پیر تک ملتوی کر دی گئی۔ x

## PM Airport Inaugration

وزیر اعظم نریندر مودی کل اتر پردیش کے Jewar میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے فیس 1 کا افتتاح کریں گے۔ اس ہوائی اڈے کی تعمیر میں تقریباً 11ہزار 200 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ پائیدار اور مستقبل کیلئے تیار بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ کے طور پر ڈیزائن کیے گئے اس نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا مقصد اسے زہریلی گیسوں کے اخراج سے پاک ہوائی اڈّہ بنانا ہے، جس میں توانائی کے تمام موثر نظاموں کو یکجا کیا گیا ہے اور ماحول سے متعلق جواب دہ تدابیر کو اختیار کیا گیا ہے۔ ×

پیش ہے ایک رپورٹ...........

**V/C- Saklen**

نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّہ ملک میں گرین فیلڈ ہوائی اڈوں کا سب سے بڑا پروجیکٹ ہے۔ اس ہوائی اڈّے کا افتتاح بھارت کے عالمی ہوا بازی کا مرکز بننے کے سفر میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ ہوائی اڈّہ جسے قومی راجدھانی خطہ کیلئے ایک بڑی بین الاقوامی گزرگاہ کے طور پر تصور کیا گیا ہے۔ اِسے ملک میں ہوائی اڈوں سے متعلق بنیادی ڈھانچہ کو مضبوط کرنے اور علاقائی اور بین الاقوامی رابطے میں اضافہ کرنے کی جانب ایک بڑے قدم کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ نوئیڈا ہوائی اڈّہ دلّی—قومی راجدھانی خطہ میں دوسرا بین الاقوامی اڈّہ ہے، جو موجودہ اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائے اڈے کو تقویت دے گا۔

ابتدا میں اس ہوائی اڈّے سے ایک کروڑ بیس لاکھ مسافر پرواز کرسکیں گے، جو بعد میں مکمل تعمیر کے بعد 7 کروڑ مسافروں تک پہنچ جائے گی۔ اس ہوائی اڈّے میں سامان کی نقل وحمل کا ایک بڑا نظام (Cargo) بھی قائم کیا گیا ہے۔ سامان کی نقل وحمل کے اس مرکز کو سالانہ ڈھائی لاکھ میٹرک ٹن سامان کے نقل وحمل کیلئے تیار کیا گیا ہے جسے 18لاکھ میٹرک ٹن تک بڑھایا جاسکتا ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## WB Clashes

مغربی بنگال کے مرشدآباد ضلعے کے تین مقامات پر آج رام نومی کے جلوس کے دوران دو فرقوں کے درمیان تصادم میں کئی افراد زخمی ہوگئے، جس کے بعد انتظامیہ کو ہنگامی بندشیں عائد کرنی پڑیں۔

دن بھر توڑ پھوڑ، لوٹ مار اور آگ زنی کے واقعات کی خبر آتی رہی۔ انتظامیہ نے بھارتیہ نیائے سنہتا، BNS کی دفعہ 163کے تحت احکامات جاری کرتے ہوئے شہر میں عوامی اجتماعات پر روک لگا دی تا کہ مزید تشدد سے بچا جاسکے۔ x

## Human Rights Group Pak Airstrikes

امریکہ میں مقیم انسانی حقوق کی وکالت کرنے والے گروپ، ہیومن رائٹس Watch نے کابل میں باز آبادکاری مرکز پر کیے گئے پاکستانی فضائی حملوں کو آج غیر قانونی حملہ قرار دیا۔ گروپ نے انتباہ دیا کہ یہ حملہ، ممکنہ

جنگی جرائم کے زمرے میں آتا ہے اور شہریوں کی سلامتی اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری سے متعلق سنگین تحفظات پیدا کرتا ہے۔ پاکستان نے 16مارچ کو کابل میں نشے کی لت سے چھٹکارا دلانے والے دو ہزار بستر والے اسپتال پر فضائی حملے کیے، جس میں سینکڑوں شہریوں کی موت ہوگئی اور کئی دیگر زخمی ہوگئے تھے۔ انسانی حقوق سے متعلق ادارے نے پاکستانی حکام سے واقعے کی فوری اور غیر جانب دار تحقیقات کا مطالبہ کیا تاکہ قصوروار افراد کی جوابدہی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اقوام متحدہ نے اسپتال کے ایک بلاک کی مکمل تباہی کو نمایاں کیا، جہاں بالغ افراد کا نشے کی لت چھڑانے کیلئے علاج کیا جا رہا تھا۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے دوران انسانی حقوق سے متعلق ادارے نے اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کا حوالہ دیا، جس کے مطابق اِس سال فروری میں پورے افغانستان میں ہوئے پاکستانی حملوں میں 76شہری ہلاک ہوگئے اور 213زخمی ہوگئے۔ x

## [Archery Gold]

بھارت نے بینکاک میں تیر اندازی کے ایشیا کپ عالمی رینکنگ ٹورنامنٹ کے پہلے مرحلے میں کُل 10 تمغے جیتے ہیں۔ کمپاؤنڈ اور مکسڈ ٹیم زمرے کے کھلاڑیوں نے سونے کا تمغہ جیت کر اپنا غلبہ قائم کیا۔ وہیں مردوں کے انفرادی زمرے میں بھی بھارتی کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ بھارت نے سونے کے 2، چاندی کے 4اور کانسے کے 4 تمغے جیت کر اپنی مہم کا اختتام کیا۔ تمغوں کی یہ تعداد، اِن مقابلوں کے گزشتہ ایڈیشن میں جیتے گئے مجموعی تمغوں سے زیادہ ہے۔ مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں اُدے کمبوج نے Prathmesh Jawkar کو 144کے مقابلے 145کے اسکور سے شکست دے کر بین الاقوامی سطح پر اپنا پہلا سونے کا تمغہ جیتا، وہیں رَجت چوہان نے کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

مکسڈ ٹیم زمرے میں چوہان اورChikitha Taniparthi کی جوڑی نے سونے کا تمغہ جیتا۔ خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیم کو فائنل میں قزاخستان کے ہاتھوں شکست کے بعد چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆